میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

بدھ، 15 شوال، 1445ھ | 24/04/2024 | نمبر:1445/43

پریس ریلیز

اے پاکستان کے مسلمانو! غزہ کے بہادر اور غیور مسلمان یہودی وجود کے سامنے صبر واستقامت کے پہاڑ کی مانند ڈٹے ہوئے ہیں تو تم بھی ناامید مت ہو! پاکستان کی افواج میں موجود اپنے بھائیوں اور بیٹوں کو فلسطین کی آزادی کے لیے جہاد کی ترغیب دو!

#ArmiesToAqsa

اے پاکستان کے مسلمانو! یہود اپنے سرپرست اعلیٰ امریکہ کی مدد سے ارض مبارک فلسطین میں مسلمانوں پر ناقابل بیان مظالم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں۔ چونتیس ہزار (34000) مسلمان شہید، ایک لاکھ سے زائد زخمی، اکثریت فاقہ کشی کا شکار جبکہ ان کے گھر بار تباہ ہو چکے ہیں۔ آدھے سے زائد شہداء عورتوں اور بچوں پر مشتمل ہیں۔ ہر دس منٹ میں ایک معصوم بچہ شہید کیا جا رہا ہے۔ اور یہ تعداد دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ یہود نے مغربی کنارے سے اپنے مغویوں کے بدلے 15000، جبکہ غزہ میں اس سے بھی زیادہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے، جن کو انسانیت سوز مظالم کا سامنا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب غزہ، مغربی کنارے اور دیگر علاقوں میں مسلمانوں کی نسل کشی جاری ہے، پاکستان کے حکمرانوں نے پاکستان کی مسلم افواج کو فلسطین کی آزادی کے لیے متحرک کرنے سے صاف انکار کر دیا ہے۔ یہ حکمران فلسطین پر امریکہ کے دیے ہوئے موقف کو اپنائے ہوئے ہیں جو ارض مقدس میں سیز فائر کے مطالبے سے

شروع ہو کر دو ریاستی حل پر ختم ہوتا ہے، جس کے ذریعے فلسطین کی مبارک سرزمین کا بیشتر حصہ یہودی وجود کو دے دیا جائے گا۔

اے پاکستان کے مسلمانو! اب یہ آپ پر ہے کہ آپ فلسطین، خصوصاً غزہ کے مسلمانوں کی جانب اپنی ذمہ داری پوری کریں۔ آپ اپنے آپ کو فلسطین کے لیے دعائیں مانگنے اور امریکی اور مغربی پروڈکٹ کے بائیکاٹ تک محدود نہ کریں، اگرچہ یہ اقدامات احسن ہیں مگر یہ اس مسئلہ کا حل نہیں۔ آپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ ان حکمرانوں کو مجبور کریں کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے احکام کی پاسداری کرتے ہوئے افواج پاکستان کو فلسطین کی آزادی کے لیے جہاد میں متحرک کریں۔ آپ یہ مت سمجھیں کہ آپ بحیثیت ایک فرد یا آپ کے خاندان کے لوگ یا آپ کے عزیز و اقارب اور دوست محض چند لوگ ہیں جو معاشرے میں محدود اثر و رسوخ رکھتے ہیں، بلکہ آپ اللہ کی مدد پر یقین رکھتے ہوئے فلسطین کے مسلمانوں کی جانب اپنی شرعی ذمہ داری پوری کریں جیسے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا: **﴿يَاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ﴾ "اے نبی! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو۔"** (الانفال، 8:65)۔

آپ سب "اقصیٰ کے لیے افواج" #ArmiesToAqsa مہم میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے درج ذیل پانچ اسلوب اپنا سکتے ہیں۔ **اول،** اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ یعنی فیس بک، واٹس ایپ، ٹوئٹر (ایکس)، ٹک ٹاک، انسٹا گرام وغیرہ کے ذریعے افواج پاکستان کو جہاد کے لیے متحرک کرنے کا مطالبہ معاشرے کے سامنے پیش کریں۔ **دوم،** اپنے محلے کی مسجد کے امام سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ منبر سے افواج پاکستان پر غزہ اور فلسطین کے مسلمانوں کی مدد کے لیے جہاد کی فرضیت کو بیان کریں۔ **سوم،** اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں میں موجود سیاسی اور سماجی کارکنوں سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ افواج پاکستان کو جہاد کے لیے متحرک کرنے کا مطالبہ اپنائیں۔ **چہارم،** افواج پاکستان میں موجود اپنے دوستوں، رشتے داروں اور واقف کاروں ملاقات کریں اور ان سے براہ راست یہ مطالبہ کریں

کہ وہ فلسطین میں اپنے مسلمان بھائیوں کی مدد کے لیے حرکت میں آئیں۔ **پنجم،** فلسطین کی آزادی کے لیے افواج پاکستان کو جہاد کے لیے متحرک کرنے کے مطالبے کو اپنے دفاتر، اسکولوں، کالجوں، نجی محفلوں اور اپنے حلقہ احباب میں موجود بااثر لوگوں تک پہنچائیں۔

اے افواج پاکستان میں موجود مخلص افسران! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **«ما تركَ قومٌ الجِهادَ؛ إلَّا عمَّهُمُ اللهُ بالعَذابِ» "کوئی قوم جہاد کو ترک نہیں کرتی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب ان کو گھیرے میں لے لیتا ہے"** [الطبرانی المعجم الاوسط]۔ آپ کے جہاد سے پیچھے ہٹنے نے اس امت کو ذلت و رسوائی کے گڑھے میں دھکیل دیا ہے۔ پوری امت آپ کی جانب سے فیصلہ کن اقدام کی منتظر ہے۔ پوری امت بے تاب ہے کہ آپ ارض مبارک فلسطین کیلئے متحرک ہوں اور آپ تکبیرات کے نعروں کی گونج میں مسجد اقصیٰ میں داخل ہوں۔ پس آگے بڑھیں! اور ان حکمرانوں کے تخت الٹ دیں جنہوں نے آپ کو آپ کی بیرکوں میں قید کر رکھا ہے اور آپ کی طاقت کو اپنے سیاسی مخالفین کو کچلنے اور اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے استعمال کیا ہے۔ آپ خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کریں تاکہ خلیفہ راشد آپ کو نہر سے بحر تک فلسطین کی آزادی کے لیے حرکت میں لائے۔

﴿يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ﴾

"اے ایمان والو! جواب دو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اس پکار کا،

جس میں تمہارے لئے زندگی ہے" (الانفال، 8:24)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس